محمد علی جناح سے لیکر جنزل ضیاء الحق کے سیاہ دور گرزنے کے بعد جب جنزل مشرف کی باری آئی تو پاکستان بننے کا اصل مقصد اور حکمرانوں کے سیاہ چہروں سے پردہ اٹھنا شروع ہو گیا اب زیادہ تر وہ لوگ بھی سمجھنے لگے جو اب تک پاکستان کو اسلام کا قلعہ اور فوج کو اسلام اور مسلمانوں کی محافظ فوج تصور کر رہے تھے اس کے دور حکمرانی میں افغانستان میں برسر اقتدار طالبان کے اندر اسلام کے نام پر اچھے اور باہمی تعلقات استوار کیئے اور موقع ملتے ہی ”سب سے پہلے پاکستان“ کا فارمولا سامنے رکھ کر پاکستانی مسلمانوں کی عقل کی آنکھوں میں دھندلا پن پیدا کرنے کی غرض سے قوم کے سامنے افغانستان پر امریکی حملے کے نتیجے میں پاکستان کی سالمیت کو اولین ترجیحات دینے کا بہانہ بنایا اور یوں امارت اسلامی کے خلاف نیٹو افواج میں صف اول کا اتحادی بن گیا اسی طرح امارت کا نام ایک مرتبہ پھر کرہ ارض سے مٹا دیا گیا، طالبان رہنماؤں کو گرفتار کر کے امریکہ کے ہاتھوں مہنگے داموں فروخت کرنے کے کاروبار کی پہلی اینٹ کی بنیاد اس منحوس فوج، برسر اقتدار حکمران اور پاکستانی خفیہ ادارہ آئی ایس آئی کے اشتراک عمل کے نتیجے میں رکھ دی گئی اس طرح شیطان کے کارندوں کا وہ پرانا خواب پورا کرنے میں یہ اشتراک عمل کاری گر ثابت ہوا۔ اس زخم سے تازہ خون بہہ رہا تھا کہ اسلام آباد میں لال مسجد کا عظیم اندوہناک واقعہ پیش آیا جس میں جامعہ حفصہ کی نہتے طالبات پر فاسفورس بم گرا کر آتش نمرود میں زندہ انسانوں کو جلا ڈالا اور اس کے بعد حق و باطل کے درمیاں باقاعدہ جنگ چھڑ گئی سوات میں مولانا صوفی محمد صاحب کی قیادت میں جب اہل سوات نے نفاذ شریعت کا مطالبہ کیا تو اس تحریک کو اسلحے کی نوک پر دبا دیا گیا قائدین کو جیل کے سیاہ دروازوں کے پیچھے دھکیل دیا گیا اس کے چند عرصہ بعد مشہور و معروف تحریک طالبان نے نفاذ شریعت کی خاطر سر اٹھایا تو اس تحریک کے کارکنوں کو ایسی سزائیں دی گئیں کہ فرعون وشداد و نمرود اگر زندہ ہوتے تو وہ بھی یہ دیکھ کر انگشت بدندان رہ جاتے، وادی سوات کے نامور علماء کرام، مسلمان لڑکوں، لڑکیوں کے قتل عام، گرفتاریاں، جیلوں میں اذیتیں، اجتماعی جبری جنسی زیادتیاں، ماورآئے عدالت قتل، یہاں تک کہ زندہ انسانوں کو چکی کی دو پاٹ میں پیس کر انسانی اعضاء سے جوس نکالنے سے بھی گریز نہیں کیا گیا ایسے واقعات کی سینکڑوں ویڈیوز دیکھ کر پاکستانی فوج کا وہ جھوٹا پروپیگنڈا سربازار رسوا ہو جاتا ہے کہ یہ فوج اسلام اور مسلمانوں کی محافظ فوج ہے۔ سوات کے علاوہ اگر شمالی اور جنوبی وزیرستان کے حالات پر ایک نظر ڈالی جائے تو یوں محسوس ہوگی کہ یہاں کسی چنگیزی لشکر نے سوئے ہوئے بے خبر مکینوں پر شب خون مارا ہو، بازاروں، بلند بالا عمارتوں، گلی کوچوں بلکہ ہر کھڑی دیوار کو زمین بوس کیا گیا بے خطا اور بے قصوروں کو یکساں طور پر نشانہ بنایا گیا، فوج کے ہاتھوں عوامی املاک کو ایسا بے دریغ نقصان دیا گیا کہ جس کی مثال دنیا بھر میں کسی نے دیکھا اور نہ سنا ہوگا بے گناہ مسلمان گرفتار شدہ گان کو تختہ دار پر لٹکانے کیلئے نام نہاد عدالتوں کے نام سے علیحدہ پروگرام تشکیل دیا گیا جس میں سزائے موت کی توثیق کی چابی اسی فوجی سربراہوں کے پاس ہے جو مسلمانوں کی صف اول کا دشمن ہے حالانکہ دنیا کے کسی بھی ملک میں یہ قانون نہیں کہ جس میں ایک طبقہ یا شخص مدعی ہو اور جج بھی ہو یہ قانون اور طریقہ کار صرف اور صرف پاکستان میں رائج ہے، پاکستانی فوج اس گھناؤنے اعمال کو عدل وانصاف سمجھ کر اس پر فخر بھی کر رہی ہیں۔ یہی چند بڑی بڑی اور موٹی موٹی باتیں ہیں کہ کمزور و ناتواں مسلمانوں نے بالآخر مجبور ہو کر اس ظالم اور امریکی چمچوں کے خلاف اپنے بس اور استطاعت کے مطابق مسلح جنگ پر امادگی کا اظہار کیا اور یہ تعداد دن بدن بڑھتی جارہی ہے جوں جوں ان ظالموں کے ظلم و بربریت میں اضافہ ہوتا ہے اسی طرح ردعمل کے طور پر مسلمانوں کے صبر وتحمل کا پیمانہ بھی لبریز ہوتا جارہا ہے اور بلا خوف وخطر اس ظالم کے خلاف جان ومال کی قربانی دینے پر تیار ہو رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

مسلمانوں کے خلاف جاسوسی کرنا کافروں کی مدد کرنا ہے

اللہ تعالیٰ نے سورۃ المائدہ میں کفار کے ساتھ دوستی کرنا یا ان کی مدد کرنے سے بہت وعید فرمائی ہے جس نے کفار کے ساتھ دوستی کی یا مسلمانوں کے رازوں کو کفار تک منتقل کیا تو اس کا حکم بھی اُن کفار جیسا ہوگا چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ترجمہ: اور جو شخص تم میں سے اُنہیں دوست بنائے گا وہ بھی اُنہی میں سے ہوگا بیشک اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا ۔ (المائدہ ایت ۵۱)

خدا سب کا ایک ہے کوئی بھگوان کہتا ہے کوئی خدا

تحریر: از ابو اسامہ

میاں نواز شریف جسے پاکستانی سادہ لوح مسلمان بھائی وزیراعظم پاکستان سمجھتے ہیں اس نے نریندر مودی کے خوف سے دو مرتبہ اپنے حقیقی رب لایزال سے بے زاری کا برملا اعلان کیا اور یہ اعلانات آن دی ریکارڈ ہیں اس کے باوجود یہ وزیراعظم مسلمان کہلاتا ہے اور اس ملک خداداد کو اب بھی اسلام کا قلعہ کہا جاتا ہے مگر ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ دنیا کی محبت اور عہدے کی ہوس و لالچ ایسی چیزیں ہیں کہ انسان کو اندھا اور گونگا کر دیتی ہیں اور یہی چیزیں تھیں کہ جس نے شیطان لعین کو فرشتوں کی صف سے نکال کر ہر اول کافر بنا دیا، جس نے قابیل کو اپنے بھائی ھابیل کے قتل پر اُکسایا، جس نے قوم نوح علیہ السلام کو نوح علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی نبوت سے انکار پر اُبھارا، جس نے قوم عاد کو ھود علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی گستاخی پر برآنگیختہ کیا، جس نے قوم ثمود کو صالح علیہ السلام کے قتل کرنے کیلئے اٹھایا، جس نے قذار (قوم ثمود میں سے بڑا ابد بخت آدمی) سے معجزانہ اونٹنی کو قتل کروایا، جس سے پوری قوم پر اللہ تعالیٰ کا عذاب برسا، جس نے نمرود ملعون کو ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے مقابلے کیلئے تیار کیا، جس نے مقابلہ ہارنے کے باوجود بھی ابراہیم خلیل اللہ کو آگ میں ڈال دیا، جس نے موسیٰ کلیم اللہ کے معجزات سے انکار کرنے پر فرعون اور اس کی قوم کو لا کھڑا کر دیا۔

اس موقعہ پر میاں نواز شریف نے مزید یہ بھی کہا کہ اسلام مذہبی امتیاز کا قائل نہیں اور نہ ہی پاکستان کسی مذہب کی مخالفت کرتا ہے یہ ایک قومی ریاست ہے جس میں ہر مذہب کے رہنے والوں کے برابر برابر حقوق ہیں بلکہ پاکستان مذہبی تصادم کو روکنے اور مختلف ادیان کی باہمی رواداری کیلئے وجود میں آیا ہے موصوف نے اس موقعہ پر یہ بھی ارشاد فرمایا کہ آئین کے مطابق پاکستان میں مسلمانوں اور غیر مسلموں سب کے حقوق برابر ہیں ہمارا کام لوگوں کی جنت و دوزخ کا فیصلہ نہیں بلکہ دنیا کو جنت بنانا ہے خدا حکمران سے یہ نہیں پوچھتا کہ کس مذہب کی ترقی کیلئے کام کیا بلکہ یہ پوچھتا ہے کہ مخلوق خدا کیلئے کیا کیا؟

یہی چیزیں تھیں جس کی محبت میں نمرود اور فرعون نے اللہ تعالیٰ کی الوہیت سے انکار کیا یہی چیزیں تھیں کہ جس کی حرص و لالچ میں یہود نے نبی آخرالزمان ﷺ کی نبوت و رسالت سے انکار کر کے تورات میں ذکر کردہ صفات میں تحریف کی، یہی چیزیں تھیں کہ جس کی پاداش میں مشرکین مکہ نے رحمت عالم ﷺ کی نبوت سے انکار پر امادہ کر کے مکہ سے نکالنے پر مجبور کر دیا یہی چیزیں (عہدہ اور مال) تھیں جس کو ابوجہل اور اسکے ہم عقیدہ مشرکوں نے رسول خدا ﷺ کو اپنی نبوت کی دعوت سے سبکدوش ہونے کیلئے پیش کیے کہ عرب کی حسین ترین لڑکیوں کی شادیاں آپ ﷺ سے کروا دیں گے مزید آپ ﷺ کو ساری قوم کا سردار تسلیم کر دیں گے اور اپنے مال و زر کا بھی مالک بنا دیں گے، مگر سردار دو جہاں ﷺ نے اس پیشکش کو یکسر ٹھکرا دیا اور فرمایا کہ اگر سورج میرے داہنے ہاتھ اور چاند بائیں ہاتھ پر رکھے اور سونے چاندی کا مجھے مالک بنا دیا جائے (اگر چہ یہ چیزیں تمھارے دست قدرت میں نہیں) تب بھی میں اپنی دعوت سے زرا برابر پیچھے نہیں ہٹوں گا۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ و رسول ﷺ کی مخالفت کرنا، قبر و حشر کو بھولا دینا، جنت جہنم کو وہمی تصور کرنا، یوم آخرت کو بھولا دینا وغیرہ کیلئے یہی چیزیں کافی ہیں اور انہی چیزوں نے موجودہ حکمرانوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے رکھی ہیں، اپنی سیاست کو چمکانے، پارٹی کو بڑھانے اور مستقبل میں دوبارہ عہدہ حاصل کرنے کی غرض سے نہ ایمان کی فکر، نہ اللہ کا خوف، نہ عذاب قبر کا ڈر، نہ جہنم کے سانپ، بچھوؤں کے ڈسنے کا خیال بلکہ ووٹ حاصل کرنے کیلئے ہر کسی کا دین و مذہب اپنانے سے بھی دریغ نہیں کرتے، اب تک اسلام کے لبادے میں جمہوریت کو دین و مذہب سمجھتے ہوئے مسلمانان پاکستان کے سامنے خود کو مسلمان اور اس ملک کی فوج و پولیس اور انٹیلی جنس کو اسلام کی محافظین دکھانے کیلئے دھوکہ دیا جا رہا ہے اور اس سے بھی بڑھ کر ہندوؤں سے ووٹ حاصل کرنے کیلئے ہندو مذہب کی تائید اور خود کو ہندو ظاہر کرنے پر بھی نہیں شرماتے ہمیں افسوس اس بات پر نہیں کہ موجودہ حکمران نے جمہوریت اپنایا، یا ہندو مذہب کی تصحیح و تائید کر ڈالی بلکہ افسوس ان درباری مولویوں اور تعلیم یافتہ طبقے پر ہے کہ یہ سب کچھ سمجھتے ہوئے ایک کافر، ہندو، سیکولر، لبرل شخص کے پیچھے پیچھے جا رہے ہیں کیونکہ میاں نواز شریف بقول سادہ لوح مسلمان وزیراعظم پاکستان نے نریندرا مودی کو خوش کرنے کیلئے کراچی میں تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مودی تیرا بھگوان میرا بھگوان ایک ہے تم بھی آلو گوشت پسند کرتے میں بھی آلو گوشت پسند کرتا ہوں (یعنی تیری پسند میری پسند)

جب اس سے مودی کی خوشی کے آثار دیکھنے میں نہ آئے تو روزنامہ امت ۱۵ مارچ ۲۰۱۷ء کے حوالے سے ایک حیران کن خبر پڑھنے کو یہ ملی کہ کراچی میں ہولی کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خدا سب کا ہے کوئی بھگوان کہتا ہے کوئی خدا۔

اس موقع پر میاں نواز شریف نے مزید یہ بھی کہا کہ اسلام مذہبی امتیاز کا قائل نہیں اور نہ ہی پاکستان کسی مذہب کی مخالفت کرتا ہے یہ ایک قومی ریاست ہے جس میں ہر مذہب کے رہنے والوں کے برابر برابر حقوق ہیں بلکہ پاکستان مذہبی تصادم

کورو کنے اور مختلف ادیان کی باہمی رواداری کیلئے وجود میں آیا ہے موصوف نے اس موقع پر یہ بھی ارشاد فرمایا کہ آئین کے مطابق پاکستان میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کے حقوق برابر ہیں، ہمارا کام لوگوں کی جنت و دوزخ کا فیصلہ نہیں بلکہ دنیا کو جنت بنانا ہے خدا حکمران سے یہ نہیں پوچھتا کہ کس مذہب کی ترقی کیلئے کام کیا بلکہ یہ پوچھتا ہے کہ مخلوق خدا کیلئے کیا کیا ؟ میاں نواز شریف نے اس گل افشانی کے علاوہ ہندؤں کو بھائیوں کا کہہ کر پچاس کروڑ نقد رقم دینے کا بھی اعلان کیا، گلوکار وزیر اعظم میاں نواز شریف نے زندہ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس موقع پر یہ بھی کہا کہ دس سال پہلے معروف سنگر رفیع اور میری آواز میں کوئی فرق نہیں تھا۔

اس سے پہلے اسی وزیر اعظم نواز شریف نے کہا تھا کہ قادیانی ہمارے بھائی ہیں جبکہ ۲۷مارچ ۲۰۱۷ء کو وزارت داخلہ حکومت پاکستان نے ہر پاکستانی مسلمان شہری کو اپنا مذہب تبدیل کرنے کی باقاعدہ اجازت دے دی ہے ایکسپریس ٹریبون رپورٹ کے مطابق فشل بن خالد پیدائش ۱۹۸۷ء اس معاملہ میں سرفہرست ہے جو کراچی کا رہنے والا ہے اس نے وزارت داخلہ کو درخواست دی کہ وہ باپ کی وجہ سے نادرا میں مسلمان درج ہے درخواست گزار نے درخواست دیتے ہوئے کہا کہ تمام کاغذات میں مذہب کے خانہ میں اسلام کی بجائے یہودی لکھا جائے۔

چنانچہ اگر غور کیا جائے تو اس صدی میں جتنا نقصان نواز شریف نے اسلام اور مسلمانوں کو پہنچایا کسی اور نے نہیں شیعوں قادیانیوں کو بھائی کہہ کر پکارا اب ہندؤں کے مذہب کا مطالعہ کئے بغیر بھگوان کو رب تسلیم کرنے لگا اس جاہل وزیر اعظم کو اس بات کا بھی علم نہیں کہ ہندو اللہ کو بھگوان نہیں کہتا بلکہ پتھر سے بنے ہوئے مورتی (بت) کو بھگوان کہتا ہے وہ اس عقیدہ کے ساتھ کہ بعض خدائی تصرفات میں اس (بت کو) تصرف حاصل ہے (چونکہ بھگوان کے متعلق باتیں ایک الگ بحث ہے اور میں یہاں اس بحث میں پڑنا نہیں چاہتا) بلکہ مقصود یہ ہے کہ ایک ایسا ملک جس کا تعارف دنیا میں ایک مسلمان ملک کے نام سے ہے اور اس ملک کا وزیر اعظم ہوش و عقل سے یہ کہتا ہے تو اس کا ایمان باقی نہیں رہا تو پھر کیوں تجزیہ نگاروں، صحافیوں، کالم نگاروں مولوی حضرات اور دیگر طبقہ علم نے نواز شریف کی اس مکروہ اور غلیظ باتوں پر بحث نہیں کی اور نہ ہی قوم پر یہ واضح کیا کہ ہمارا نام نہاد وزیر اعظم دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

نیتجتًا اس صورت حال سے دو صورتوں میں سے ایک صورت کا ظاہر ہونا ایک لازمی امر ہے یا تو پاکستان میں رہتے ہوئے سب لوگوں کا یہی عقیدہ ہے (الامن شاء اللہ) کہ ہندؤں کا بھگوان سب پاکستانیوں کا بھگوان ہے، اور یا تو اس جیسے نظریات کو کفر نہیں سمجھتے حالانکہ شرعی قاعدہ کلیہ ہے!

من لم یکفر الکافر او صحح مذهبه او شك فى كفره فهو كافر اجماعاً(نواقض الایمان ،الناقض الثالث)

کافر سے مراد ہر کافر و مشرک مراد ہے چاہے یہود و نصارٰی ہو یا بت پرست (ہندو) یا مرتدین ہوں۔ یہ عقیدہ رکھنا جس کا بحوالہ اوپر ذکر ہوا رکھنا فرض ہے کہ مذکورہ بالا قسم کے لوگ کافر ہیں اب اگر کوئی یہ عقیدہ رکھے کہ یہ کافر نہیں تو وہ شخص بھی کافر ہو جاتا ہے یا ان کے کفر میں شک کرے۔ مثلاً کوئی یہ کہے کہ مجھے علم نہیں کہ یہ مذکورہ بالا قسم کے لوگ کافر ہیں یا نہیں ؟ یا ان کے مذہب کو صحیح سمجھے، مثلاً کوئی یہ کہے کہ یہودیت، نصرانیت یا ہندومت دین بھی صحیح ہے یا کوئی یہ کہے کہ جمہوریت کی رو سے سب کو اجازت ہے کہ جو شخص جو بھی دین و مذہب اختیار کرنا چاہے اختیار کر سکتا ہے یا یہ کہے کہ ہم تمام ادیان کا احترام کرتے ہیں جیسا کہ اس جاہل وزیر اعظم کا عقیدہ ہے یا موجودہ دور میں امریکہ اور اسکے اتحادیوں کا ساتھ دیں، اور مجاہدین کے خلاف جنگ کو صحیح سمجھ بیٹھے جیسا کہ افواج پاکستان یا دیگر نام نہاد اسلامی ممالک کی فوج مسلمانوں کے خلاف لڑتی ہے، یا کوئی اس جنگ میں مسلمانوں کے خلاف کسی بھی لڑنے والی فوج کے ساتھ تعاون کرتا ہو یا تعاون کرنے والوں کو کافر نہ سمجھے تو وہ شخص بھی کافر ہو جاتا ہے۔

تو پھر اس دوسری صورت میں بھی کہنے والا کافر ہو جاتا ہے جو ہندو کا بھگوان اپنا بھگوان یا اپنا خدا تسلیم کرتا ہے جبکہ دوسری طرف اللہ اور اس کے قانون کی مخالفت میں اتنے آگے جا چکے ہیں کہ فوج تو کیا عوام کو بھی اس جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے نیشنل ایکشن پلان اس کی واضح مثال ہے اور مزید اللہ کے دین کے سپاہیوں کے خلاف فوجی برائے نام عدالتوں (جسے عدالت کا نام دینا عدالت کی توہین ہے) کا وقت بڑھایا جاتا ہے تا کہ اللہ کا قانون سرزمین پاکستان پر نافذ نہ ہو ہندؤں کا بھگوان قبول ہے پر طالبان کا خدا قبول نہیں۔

ہندؤں کیلئے حقوق ہیں مگر طالبان اور اس جیسے مسلمانوں کیلئے نہیں۔ گائے کے پجاریوں کیلئے پچاس کروڑ کا اعلان مگر اللہ کے سامنے سجدہ کرنے والوں کے خلاف نیشنل ایکشن پلان تیار کیا جاتا ہے۔ ہندؤں کیلئے دنیا کو جنت بنانا ہے مگر مسلمانوں کیلئے جہنم۔ ان پر زمین تنگ کر کے ہجرتوں پر مجبور کیا جیٹ جہازوں اور ہیلی کاپٹروں کی بمباری سے انسانوں بھرے قصبات، دیہاتوں، مساجد، مدارس کو ملیا میٹ کر کے رکھ دیا۔ اللہ کی کتاب کے حافظوں اور حافظات کے ابدان کو فاسفورس بموں سے راکھ میں تبدیل کیا قرآن و حدیث کی کتابوں کی بی حرمتی کی گئی۔

اللہ سے دشمنی کرنے والوں کو دوست اور اللہ سے دوستی کرنے والوں کو مبغوض قرار دیا۔ علماء کی شہادتوں اور بی حرمتیوں کے سلسلے کو طول دیا گیا۔ حلال کو حرام اور حرام کو حلال گردانا۔ قومی خزانوں میں لوٹ مار اور قابض و غاصب مافیا کو کھلی چھٹی دی گئی۔ فحاشی و عریانی کو فروغ جبکہ دین کی فروغ کو دہشت گردی شمار کیا۔ غرض یہ کہ دین اسلام اور مسلمانوں کی نابودی کی خاطر تمام سرحدیں پار کر دی گئی۔

☆☆☆

قسط دوم

مجھ پر کیا گزری

درنایاب

اب مجھ پر سارا راز کھل گیا کہ مجھے تفتیش کا سامنا ہے مگر تفتیش کس بات کی میں نے اپنی زندگی پر نظر ڈالی کہ آخر وہ کیا کام ہوسکتا ہے جو حکومت وقت کیلئے نقصان دہ ہو مگر میں نے اپنی زندگی میں کوئی بھی ایسا عمل نہیں پایا، البتہ اگر بابا جی کے متعلق پوچھا گیا تو میں یوں کہوں گا کہ وہ تو سال خوردہ بزرگ ہیں اور بلڈ پریشر کی بیماری بھی لاحق ہے اگر اس نے بقول شما گستاخی کی ہے تو آپ لوگ درگذر کریں، لیکن بات ایسی نہیں تھی، تفتیش شروع ہوئی تو پہلا سوال جو سخت لہجے میں داغ دیا گیا اور مجھے اس کی توقع بھی نہیں تھی یہ تھا کہ تم لوگ دہشتگردوں (مجاہدین) کیلئے کیوں سہولتیں فراہم کرتے ہو؟ میں نے نفی میں انتہائی مختصر جواب دیا کہ نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے، ہمارے گاؤں میں کوئی بھی دہشتگرد نہیں، یہ سنتے ہی اس نے پہلے تشدد کیلئے رکھے گئے اوزار کی طرف دیکھا اور پھر مجھے سمجھانے کی غرض سے خون آمیز نظروں سے دیکھتے ہوئے کہنے لگا کہ دیکھو مذاق نہ کرنا سیدھی بات بتاؤ ورنہ میں تم کو راز اگلوانے پر مجبور کروں گا پھر تم بہت منت کرو گے مگر میں تسلیم نہیں کروں گا، میں تم سے زیادہ سخت جان دہشتگردوں سے راز اگلوا چکا ہوں، اب تیری باری ہے جلدی کرو اور تمام صورتحال بتاؤ کہ دہشتگردوں سے تمہارا کتنا تعلق ہے اور باقی ساتھیوں کے بارے میں بھی سچ سچ بتاؤ کیا معاملہ تھا؟ یہ سن کر میں ہکا بکا رہ گیا کیونکہ مجھ سے ایسی باتوں کے بارے میں پوچھا جا رہا تھا کہ جسے میں ہرگز نہیں جانتا تھا جب میں نے وہی بات دہرائی کہ ہمارا تعلق کسی بھی دہشتگرد گروہ سے نہیں تو انہوں نے قسم کھا کر کہا کہ تم کو ہر صورت میں بات بتانی ہوگی، اچانک مجھے خیال آیا کہ اٹھ کر اس شخص ک منہ پر ایسا مکا رسید کروں کہ اس کے دونوں جبڑوں کو توڑ دوں تا کہ آئندہ کھانے پینے اور بات کرنے سے محروم ہو جائے، مگر میں نے فوراً سنجیدہ ہو کر اس کو ناعاقبت اندیشی قرار دے کر اس ارادہ کو ترک کر دیا کیونکہ یہ لوگ ہمیں مزید گنہگار ثابت کرنے کیلئے بہانے ڈھونڈ رہے تھے۔ آخر کار اس نے وہ اوزار اٹھا کر میری آنکھوں کے سامنے لہرائے اور ساتھ ساتھ یہ دھمکیاں بھی دیتے رہے کہ ابھی تم ضرور بتاؤ گے، ہر چند میں نے اپنے آپ کو پرسکون رہنے کی کوشش کی مگر دہشت تھا کہ مجھ سے نہیں چھپایا جا رہا تھا کیونکہ میں انتہائی خوف زدہ تھا اور بدن پر کپکپی طاری تھی جیسا کہ سخت سردی میں کسی انسان پر ٹھنڈا پانی ڈال دیا گیا ہو، پھر انہوں نے تشدد کے اوزار کو پوری قوت کیساتھ مجھ پر آزمانے کا سلسلہ شروع کیا، ابتداء میں ہر وار ناقابل برداشت تھا اور مجھے دن دہاڑے ستارے نظر آنے لگے اور بے بسی کے عالم میں پوری طرح ان کے نرغے میں تھا مجھے اتنا پیٹا کہ جسے میں بیان نہیں کر سکتا کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ انسان پھول سے نازک اور پتھر سے زیادہ سخت ہے، جب وہ تھک چکا تو پٹائی روک کر پھر وہی مطالبہ دہرایا میں نے پھر انکار کیا کہ مجھے کوئی علم نہیں۔

پھر وہ مجھے اٹھا کر واپس کمرے میں لیجانا چاہتے تھے مگر میں چلنے کے قابل نہ تھا، میرے پاؤں جواب دے چکے تھے چلنے میں لڑکھڑاتا رہا، سابقہ کمرہ نما قفس میں لیجانے کی بجائے مجھے ایک دوسرے قفس میں لیجایا گیا وہاں پہلے سے چند افراد قید تھے جسے میں نہیں جانتا تھا، وہ مجھے تشدد زدہ دیکھ کر فوراً اپنی جگہ سے اٹھے اور مجھے سہارا دے کر بیٹھنے میں مدد کی ان کے چہروں کی معصومیت دیکھ کر مجھے اندازہ ہوا کہ یہ لوگ کافی عرصہ سے یہاں قید ہیں ان کی کل تعداد بارہ تھی جن میں ساٹھ ستر سال کا ایک بوڑھا اور دوسرا اکم عمر نوید نام کا لڑکا بھی تھا جس کی عمر بمشکل دس بارہ سال تھی۔ میں درد کے مارے کراہ رہا تھا انہوں نے میرا بہت خیال رکھا اور ایک قیدی اٹھ کر دیوار کی طرف منہ کر کے کچھ ڈھونڈ رہا تھا میں نے غور سے دیکھا تو دیوار میں ایک دراڑ تھی جس کے اندر انگلی ڈال کر انہوں نے درد روکنے والی گولی باہر نکالی جو کہ اس نے کسی ذریعے سے پیدا کر کے چھپا رکھی تھی وہ مجھے کھانے کیلئے دی لیکن ان کے پاس پانی نہیں تھا اور بغیر پانی کے گولی نگلنا مشکل کام ہے اس بوڑھے شخص نے یہ مشورہ دیا کہ گولی منہ میں رکھ کر خود بخود گھل کر نگل جائے گی میں نے ایسا ہی کیا، گولی بہت کڑوی تھی کھا کر بھی کوئی خاص فائدہ نہیں ہوا بہر حال کچھ دیر کے بعد میری طبیعت ذرا سنبھل گئی اور قیدیوں سے بے تکلف ہو کر آشنائی شروع ہوئی، میں نے ان سے پوچھا کہ آپ لوگ کس گناہ میں یہاں قید ہیں؟ یہ کہتے ہی ایک دم خاموشی چھا گئی اور سب کے چہروں پر ناگواری کے آثار نمودار ہوئے گویا کہ میں نے کوئی نامعقول بات کی ہو سب پر گہرا سکوت طاری ہو گیا، ماحول میں سناٹے نے اپنے قدم جما کے رکھ دئے میں نے بھی ندامت کے مارے خاموشی اختیار کی اور اپنے مستقبل کے بارے میں سوچنے کے علاوہ بچوں کی یاد نے بھی ستانا شروع کر دیا، مجھے معلوم ہے کہ ہمارے گھر میں تو چوہے قلابازیاں کھاتے تھے، آج صبح گھر سے نکلتے وقت میں نے تو بچوں کو یہ تسلی دیکر آیا تھا کہ میں بہت جلد واپس لوٹ کر کہیں دوسری جگہ منتقل ہونے کیلئے کوئی راہ نکالنے کی کوشش کروں گا۔ شکر ہے کہ میرے بچوں کو علم نہیں کہ مجھ پر کیا قیامت گزر رہی ہے، میرا تو کلیجہ منہ کو آ رہا ہے اگر ان کو خبر ہوئی تو شائد ان کا کلیجہ پھٹ جائے۔ چار سالہ بچی فاطمہ جس نے ابھی تک اچھی طرح باتیں بھی نہیں سیکھی تھی ایک دن مجھ سے کہا کہ ابا جان تم جا کے اکو مت (حکومت) سے کہہ دو کہ اماری (ہماری) طرف بم نہ پھینکے ام کو (ہم کو) ڈر لگتا ہے، میرے پاس کوئی جواب نہ تھا کہ میں فاطمہ کو مطمئن کر سکوں کیونکہ میں بھی نہیں سمجھ پا رہا تھا کہ یہ مارٹر گولے کیوں ہمارے گاؤں پر برسائے جاتے ہیں اور

فوج ہم سے کیا چاہتی ہے۔ اگر پاکستان میں حالات خراب ہیں اور فوج و دیگر سرکاری اہل کاروں پر تابڑ توڑ حملے ہو رہے ہیں تو اس میں ہمارا کیا قصور؟ لال مسجد پر فاسفورس بم گرانے کا مشورہ تو ہم نے نہیں دیا تھا۔ افغانستان میں طالبان حکومت گرا کر طالبان قائدین کو امریکہ کے ہاتھوں فروخت کرنے کا معاملہ پاکستان کو بہت مہنگا پڑا تھا۔ پاکستان کے اندرونی اور بیرونی پالیسی وضع کرنے سے ہم بے خبر تھے، غرض یہ کہ ہم تو ہر چیز سے بے خبر تھے حکومت وقت اپنے آپ کو طالبان حملوں سے بچانے کیلئے ہم پر ظلم کر رہا تھا اور باہر دنیا کو یہ باور کرانے کی کوشش کر رہا تھا کہ ہم نے تو دہشت گردوں کو زندہ پکڑے ہیں، یہ حکمران ہمارے سروں کی قیمت وصول کر رہا ہے، اچانک ایک بہت بڑے دھماکے نے چونکا دیا اور سب اپنی اپنی سوچوں سے باہر نکل کر ایک دوسرے کے منہ کو تکنے لگے مجھے حد سے زیادہ خوف لاحق ہوا وہ قیدی بھی میرے خوف کو بھانپ گئے، ایک درمیانی عمر کے قیدی نے بتایا کہ فکر نہ کرو اگر یہاں رہنے کی قسمت ہو تو ہر روز سینکڑوں ایسے خوفناک دھماکے سنتے رہو گے میں نے جاننے کی غرض سے آنکھیں چار کیئے تو اسی دوران مزید اور پے در پے دھماکے شروع ہوئے ان دھماکوں کی گونج میں اس نے بتایا کہ یہ بڑا توپ فائر کیا جاتا ہے اور آتشی گولہ توپ کے منہ سے نکل کر اتنی خوف ناک آواز پیدا کرتا ہے، اف خدایا یہ توپ کتنا مہلک ہے کہ اس کا گولہ زمین پر لگتے وقت بھی کانوں کے پردوں کو پھاڑ دیتا ہے اور فائر کرتے وقت بھی اتنا خوفناک دھماکہ کرتا ہے خدا جانے یہ کس جانب فائر کیے جاتے تھے مگر میری آنکھوں میں اپنے گاؤں کی تصویر تھی کہ ان لوگوں نے ایک بار پھر ہمارے گاؤں کے بچے کچے لوگوں پر قیامت برپا کیا ہوگا، اسی اثناء میں اچانک چیخنے چلانے کی آوازیں اٹھنا شروع ہوئیں یوں لگ رہا تھا کہ کوئی کسی پر تشدد کر رہا ہو اور وہ غیر اختیاری طور پر چیخنے میں اپنی طاقت سے زیادہ زور دے کر بلند آوازوں سے چیختا ہو، یہ کون لوگ ہیں؟ کیوں چیخ رہے ہیں؟ کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا، قید میں پڑے میرے یہ ساتھی اتنا ہیبت زدہ نہیں تھے کیونکہ یہ لوگ ایسی صورتحال سے آشنا ہو چکے تھے اور ان کے نزدیک یہ معمول کی بات تھی جبکہ میں بہت ہیبت زدہ تھا کہ میں نے کبھی کسی پر تشدد کرتے ہوئے نہیں دیکھا تھا، یہ ماحول کئی گھنٹوں تک جاری رہا، اس دوران ایک معمر قیدی نے مشترکہ طور پر دعا کرنے کا کہا کہ آئے مل کر دعا کریں کہ ان مظلوموں کو اللہ تعالیٰ نجات دے جن پر تشدد کیا جا رہا ہے اس وقت میرا دھیان نماز کی طرف ہوا کیونکہ نماز پڑھ کر ہی دعا قبول ہوتی ہے مگر وضو کیلئے پانی نہ ہونے کی وجہ سے میں نے یہ خیال دل سے نکال دیا اور اللہ تعالیٰ کے دربار میں ہاتھ اٹھا کر دعا کرنے لگا کہ یا اللہ تو ہی چاہ کنعان میں حضرت یوسف علیہ السلام کی مدد و نصرت فرما چکے ہیں اور پھر اسے اٹھا کر مصر کا فرمانروا بنا دیا تیرے دربار میں یہ سوال ہے کہ ان ظالموں سے ہمیں نجات دلا اور مظالم پر صبر کرنے کی توفیق عطاء فرما ہم سب نے رو رو کر اور گڑگڑا کر یہ دعا کی، بالآخر وہ آوازیں دب کر خاموش ہوئیں معلوم نہیں کہ وہ آوازیں کیوں خاموش ہوگئیں؟ کیا اس کو نشہ آور انجکشن لگا کر خاموش کیا گیا یا موت کی مہربان نیند نے ان کو اپنی آغوش میں لے لیا؟

میں اپنے ساتھیوں سے بے خبر تھا اور شاید وہ بھی مجھ سے بے خبر تھے اس میں کئی دن رات گزر گئے اور آئندہ کیلئے مجھے کوئی آندازہ نہیں لگ رہا تھا کہ میرا انجام کیا ہوگا اور اس بلائے بے درماں سے کب چھٹکارا ملے گا، پیارے بچوں کے معصوم چہروں کی تصویریں میری آنکھوں میں تھیں، یوں محسوس ہو رہا تھا کہ اس جیل کے جھروکوں سے وہ مجھے دیکھ رہے ہیں اور بے بسی و مایوسی کے عالم میں مجھ سے کہہ رہے ہیں کہ ابا جان ہم بے بس ہیں تجھ کو ان ظالموں سے نہیں چھڑا سکتے، تجھے اس ظلم سے بچانے کیلئے محمد بن قاسمؒ کی ضرورت ہے، بچوں کی یہ خواہش مجھے ستاتی رہی اور ان سے ملنے کیلئے بلبلاتا رہا اس کیفیت پر مجھے خود بھی کبھی کبھی ہنسی آ رہی تھی کہ گویا میں کسی دیوانے کی طرح اپنے آپ سے باتیں کر کے خیالوں کو حقیقت سمجھ رہا ہوں مگر میں اس کو مسترد کر کے اپنے تصور پر یقین کر لیتا کہ یہ حقیقت ہے، کیونکہ میرے بچے مجھ سے اور میں ان سے پیار کرتا تھا اور پیار و محبت کا رشتہ کسی وقت بھی نہیں ٹوٹتا اور نہ ہی اس کا آپس میں رابطہ منقطع ہو سکتا ہے، انہوں نے کبھی مجھ سے کھلونے خریدنے کی فرمائش نہیں کی تھی بلکہ میں ہی ان کیلئے ایک کھلونا تھا۔ میرے بچوں کے بارے میں معلومات تو در کنار اپنے ان پڑوسیوں کے بارے میں بھی مجھے کوئی علم نہ تھا جو کہ میرے ساتھ گاڑی میں مجرموں کی طرح گرفتار کر کے لائے گئے تھے اور نہ میرے بارے میں کسی کو علم تھا کہ آیا میں زندہ بھی ہوں؟

قید میں سارے ساتھی عبادات پر بہت توجہ دے رہے تھے، بہت سکون ملتا اس عبادت میں، اسی عبادت اور اللہ تعالیٰ پر یقین نے ہمارے اندر خود اعتمادی پیدا کر دی تھی۔ دن پر دن گزرتے چلے گئے کھانے کیلئے کچھ نہ ہونے کے برابر بات تھی بس قوت لایموت کی مقدار میں نیم پختہ اور گلی سڑی روٹی ملتی وہ بھی دن میں صرف ایک بار، ہاتھ منہ دھونے یا وضو کرنے یا نہانے کیلئے قطعاً پانی میسر نہیں تھا اور نہ ہی کپڑے دھونے یا تبدیل کرنے کا کوئی انتظام تھا، البتہ پینے کیلئے صرف ایک گلاس مقدار پانی جو کہ میلے کچیلے برتن میں ملتا تھا، پیشاب یا قضائے حاجت رفع کرنے کیلئے قصداً کوئی جگہ نہیں بنائی گئی تھی اس سے مجھے اندازہ ہوا کہ ہمیں انسانوں میں شمار نہیں کیا جاتا تھا۔

جیل میں کبھی ہم آپس میں دھیمی انداز سے باتیں کرتے تو چوکیدار ڈانٹ ڈپٹ کرتا کہ تم آپس میں سرگوشیاں مت کرو شائد ان کو یہ شبہ تھا کہ سرگوشی میں ہمارے خلاف کوئی منصوبہ نہ بنائے، بلند آواز سے باتیں کرنے کا حکم دیتا رہتا کہ وہ بآسانی سن سکے۔ (جاری ہے)

فرمان مصطفیٰ ﷺ:

لن یبرح ھذالدین قائما یقاتل علیہ عصابة من المسلمین حتیٰ تقوم الساعة (صحیح مسلم) ترجمہ: ”یہ دین ضرور قائم رہے گا اور اس کی حفاظت کیلئے مسلمانوں کی ایک جماعت قیامت تک جہاد کرتی رہے گی۔“

اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کا اعزاز

سیدنا انس بن مالکؓ کہتے ہیں کہ میرے چچا انس بن نضرؓ جنگ بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے تو انہوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ سب سے پہلی جنگ جو آپ ﷺ نے مشرکین سے کی میں اس میں شریک نہ تھا خیر اب اگر اللہ نے مجھے مشرکوں سے کسی جنگ میں شریک کیا تو بے شک اللہ دیکھے گا کہ میں کیا کروں گا۔ پھر جب جنگ احد کا دن آیا تو انہوں نے کہا اے اللہ ! مسلمانوں نے اس موقع پر جو کچھ کیا اس سے میں بیزار ہوں ۔ پھر وہ آگے بڑھ گئے تو سیدنا سعد بن معاذؓ سے ملے انہوں نے کہا کہ اے سعد قسم ہے نضر کی رب کی جنت قریب ہے ، میں احد کے دوسری طرف سے جنت کی خوشبوں پا رہا ہوں ، سیدنا سعدؓ کہا کرتے تھے کہ یا رسول اللہ ﷺ جو کچھ انس بن نضرؓ نے کیا میں نہیں کر سکا (باوجود یہ کہ میں شجاعان عرب میں سے ہوں) سیدنا انسؓ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے چچا کو میدان جنگ میں مقتول پایا تو اسی(80) سے زیادہ زخم تلوار ، نیزے اور تیر کے ان کے جسم پر پائے اور مشرکوں نے ان کا مثلہ بھی کیا تھا (ان کے اعضاء ناک ، کان وغیرہ کاٹ دیے تھے) اس سبب سے سوا ، ان کی بہن کے ان کو کسی نے نہیں پہچانا ، انہوں نے ان کی انگلیوں سے ان کو پہچان لیا ، سیدنا انسؓ کہتے تھے کہ ہمیں خیال ہوتا ہے کہ یہ آیت ان کے اور ان جیسے مسلمانوں کے حق میں نازل ہوئی جس کا ترجمہ یہ ہے ۔

مسلمانوں میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا اسے پورا کر دکھایا۔ پھر کہتے ہیں کہ ان کی بہن نے جن کا نام ربیع تھا ایک عورت کے سامنے کے دانت توڑ دیے تو رسول اللہ ﷺ نے قصاص کا حکم دیا ۔ انس بن نضرؓ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ قسم ہے اس ذات کی جس نے حق کیساتھ آپ کو بھیجا ہے کہ میری بہن کے دانت نہ توڑے جائیں گے ۔ پھر مدعی لوگ دیت لینے پر راضی ہو گئے اور قصاص معاف کیا ، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بندوں میں بعض ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے بھروسہ پر قسم کھالیں تو ان کو سچا کر دیتا ہے۔

(بخاری شریف ، فضائل جہاد ، حدیث1214)